حیسکو پریس ریلیز مورخہ: 16.10.2026

حیسکو افسران واہلکاروں کی جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے متعلق چار روزہ تربیت مکمل، اسناد تقسیم۔ حیسکو ترجمان



حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق جنرل منیجر (ٹیکنیکل) حیسکو محترمہ فرح دیبا نے کہا ہے کہ جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور کارکردگی کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ویب بیسڈ جیوگرافک انفارمیشن سسٹم (GIS) اور موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے بجلی کے نظام سے متعلق معلومات جمع کرنے، محفوظ بنانے اور استعمال کرنے کے عمل کو مؤثر بنایا جاسکتا ہے، جس سے فیلڈ سروے، منصوبہ بندی اور نگرانی کے امور میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے تربیت مکمل کرنے والے افسران واہلکاروں پر زور دیا کہ وہ حاصل کردہ علم اور فنی مہارتوں کو عملی میدان میں بروئے کار لائیں، تاکہ حیسکو کے مختلف شعبہ جات میں جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کو فروغ دیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کی فنی تربیت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ ادارے کی ترقی اور صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ناگزیر ہے۔ حیسکو افسران واہلکاروں کی ویب بیسڈ جیوگرافک انفارمیشن سسٹم (GIS) اور موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے سروے کرنے سے متعلق چار روزہ تربیتی پروگرام 12 سے 15 اکتوبر 2026ء تک سروون آئی ٹی انسٹی ٹیوٹ، قاسم آباد، حیدرآباد میں منعقد ہوا۔ تربیتی پروگرام کا اہتمام میسرز سیفائر کنسلٹنگ سروسز، کراچی نے کیا، جس میں شعبہ جات پلاننگ اینڈ انجینئرنگ (P&E)، میراڈ (MIRAD)، آپریشن، جی ایس او (GSO) اور ایم آئی ایس (MIS) کے افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ تربیت کا مقصد سروے کے عمل کو مؤثر بنانا، ڈیٹا کی درستگی بہتر کرنا اور بجلی کے نظام کی منصوبہ بندی و نگرانی میں جدید ڈیجیٹل سہولیات سے استفادہ کرنا تھا۔ اس موقع پر چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار نے کہا کہ حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا وژن ہے کہ افسران و ملازمین کو جدید آئی ٹی سہولیات، پیشہ ورانہ تربیت اور مصنوعی ذہانت (AI) سمیت جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا جائے، تاکہ ادارے کی کارکردگی بہتر بنانے اور ترقی کے عمل کو تیز کرنے میں مدد مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ میسرز سیفائر کنسلٹنگ سروسز کے تعاون سے جدید ٹیکنالوجی پر مبنی تربیتی پروگراموں کا انعقاد اسی وژن کا حصہ ہے۔ تربیتی پروگرام کے اختتام پر منعقدہ تقریبِ تقسیمِ اسناد میں محترمہ فرح دیبا نے کامیابی سے تربیت مکمل کرنے والے شرکاء میں ڈپٹی منیجر (میراڈ) سعید احمد، ڈپٹی منیجر (ٹیکنیکل) عامر نوید میمن، اسسٹنٹ منیجر شانزہ علی، اسسٹنٹ منیجر محمد حمزہ خان، ڈپٹی منیجر ذیشان سرور، اسسٹنٹ منیجر شہزاد گل، ایل ایس جنید احمد ذئی، ایل ایس عامر خان، سرویئر ذوالفقار علی، سرویئر وقار عقیل، لائن مین (ٹو) شعیب احمد، ٹریسر ایوب الی زرداری، ٹریسر محمد فرحان، ایس ایس او (ون) فیاض احمد بگیو، ایس ایس او (ون) محمد اشرف، ٹریسر محمد عامر، ڈرافٹسمین گریڈ (بی) محمد رضوان، ٹریسر حسیب خان، ڈرافٹسمین ماجد علی سرہیو، ٹریسر میر عابد علی، میٹر ریڈر/ٹریسر رمیش کمار، ایڈیشنل ڈپٹی منیجر (پی ایس اے) انیلہ نزیر اور ڈیٹا کوڈر اویس احمد کے درمیان اسناد تقسیم کیں۔ تقریب میں چیف انجینئر (P&E) رمیش کمار، ڈائریکٹر جنرل (پروکیورمنٹ) عبدالحق شیخ، چیف انجینئر (آپریشن) اعجاز احمد شیخ، ڈائریکٹر جنرل (آئی ٹی) نادر علی خشک اور ڈپٹی منیجر (پبلک ریلیشنز) محمد صادق کُبر نے شرکت کی۔ حیسکو کی جانب سے تربیتی پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈپٹی منیجر (P&E) سعید احمد تھے۔